بسم الله الرحمن الرحيم

# فهرس

## الموضوعات والعناوين

## للبحوث العلمية

(تحقیقی مقالات)

لعام 1446ھ/2025ء

لطلاب الدرجة النهائية والباحثين
لنيل شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية
(ایم اے عربی و اسلامیات)

تحت إشراف

تنظيم المدارس أهل السنة باكستان

# نتیجہ از ممتحن گرامی

عنوان مقالہ:______ عنوان نمبر (لازمی لکھیں):______

نام امیدوار:______ ولدیت:______

عالمیہ سال اول کا رول نمبر:______ عالمیہ سال دوم (2025ء) کا رول نمبر:______

## مقالہ چیک کرنے کے لیے نمبروں کی تقسیم اور مختصر ملاحظات:

| نمبر شمار | مقالہ کے اجزاء | مقررہ نمبر | حاصل کردہ نمبر | نمبر کم ہونے کی وجہ |
|---|---|---|---|---|
| 01 | فہرست عنوانات | 05 | | |
| 02 | مقدمہ مندرجہ ذیل امور کا احاطہ ضروری ہے: (موضوع کا تعارف، اہمیت موضوع، سابقہ کام کا جائزہ، تحقیق کے بنیادی سوالات و اہداف) | 15 | | |
| 03 | صُلبِ موضوع (سوالات و اہداف کے مطابق موضوع پر تحقیق) | 50 | | |
| 04 | حواشی و ذیل حوالہ جات اور توضیحی نوٹس | 10 | | |
| 05 | موضوع کی بحث پر مبنی نتائج / خلاصۂ بحث | 05 | | |
| 06 | موضوع پر مزید کام کرنے کی تجاویز | 05 | | |
| 07 | مقالہ میں وارد آیات و احادیث کی فہرست (آخر میں لگائیں) | 05 | | |
| 08 | فہرست مصادر و مراجع | 05 | | |
| 09 | میزان | 100 | | |

مقالہ کے بارے میں ممتحن کے عمومی تاثرات:______

______

______

نام ممتحن:______

دستخط ممتحن:______

تاریخ:______

نوٹ: 1۔ نتیجہ از ممتحن، مندرجہ بالا پُر فارمہ کاپی کر کے امیدوار اپنے مقالے کے آغاز میں لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو امیدوار خود احتیاط سے درج کرے۔

2۔ مقالہ بغیر کمپوزنگ کے قابل قبول نہ ہوگا، کمپوزنگ کے متعلق ہدایات صفحہ نمبر 14 پر ملاحظہ کریں۔

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

فهرس الموضوعات والعناوين لطلاب الدرجة النهائية والباحثين
لنيل شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية (ایم اے عربی واسلامیات)
تحت إشراف تنظيم المدارس أهل السنة باكستان عام 1446ھ (2025ء)

# تفسير القرآن الكريم وما يتعلق به

| الرقم | العنوان | نموذج المنهج والأهداف |
|---|---|---|
| 1 | تفسیر مفاتیح الغیب (امام رازی) اور الجامع لاحکام القرآن (علامہ قرطبی) کے مابین عقائد اہلسنت کا تقابلی جائزہ۔ (پارہ 1 تا 5) | تفسیر قرآن کا تاریخی وارتقائی مطالعہ، تعارف تفاسیر ومفسرین، خصوصیات اور منہج واسلوب مشترکات ومختلفات۔ عقائد اہل سنت کی نشان دہی ، دلائل وشواہد اور شبہات کا تدارک، |
| 2 | تفسیر مفاتیح الغیب (امام رازی) اور الجامع لاحکام القرآن (علامہ قرطبی) کے مابین عقائد اہلسنت کا تقابلی جائزہ۔ (پارہ 6 تا 10) | تفسیر قرآن کا تاریخی وارتقائی مطالعہ، تعارف تفاسیر ومفسرین، خصوصیات اور منہج واسلوب مشترکات ومختلفات۔ عقائد اہل سنت کی نشان دہی ، دلائل وشواہد اور شبہات کا تدارک، |
| 3 | تفسیر مفاتیح الغیب (امام رازی) اور الجامع لاحکام القرآن (علامہ قرطبی) کے مابین عقائد اہلسنت کا تقابلی جائزہ۔ (پارہ 11 تا 15) | تفسیر قرآن کا تاریخی وارتقائی مطالعہ، تعارف تفاسیر ومفسرین، خصوصیات اور منہج واسلوب مشترکات ومختلفات۔ عقائد اہل سنت کی نشان دہی ، دلائل وشواہد اور شبہات کا تدارک، |
| 4 | تفسیر مفاتیح الغیب (امام رازی) اور الجامع لاحکام القرآن (علامہ قرطبی) کے مابین عقائد اہلسنت کا تقابلی جائزہ۔ (پارہ 16 تا 20) | تفسیر قرآن کا تاریخی وارتقائی مطالعہ، تعارف تفاسیر ومفسرین، خصوصیات اور منہج واسلوب مشترکات ومختلفات۔ عقائد اہل سنت کی نشان دہی ، دلائل وشواہد اور شبہات کا تدارک، |
| 5 | تفسیر مفاتیح الغیب (امام رازی) اور الجامع لاحکام القرآن (علامہ قرطبی) کے مابین عقائد اہلسنت کا تقابلی جائزہ۔ (پارہ 21 تا 25) | تفسیر قرآن کا تاریخی وارتقائی مطالعہ، تعارف تفاسیر ومفسرین، خصوصیات اور منہج واسلوب مشترکات ومختلفات۔ عقائد اہل سنت کی نشان دہی ، دلائل وشواہد اور شبہات کا تدارک، |
| 6 | تفسیر مفاتیح الغیب (امام رازی) اور الجامع لاحکام القرآن (علامہ قرطبی) کے مابین عقائد اہلسنت کا تقابلی جائزہ۔ (پارہ 26 تا 30) | تفسیر قرآن کا تاریخی وارتقائی مطالعہ، تعارف تفاسیر ومفسرین، خصوصیات اور منہج واسلوب مشترکات ومختلفات۔ عقائد اہل سنت کی نشان دہی ، دلائل وشواہد اور شبہات کا تدارک، |
| 7 | تنویر المقباس (تفسیر ابن عباس) کی فنی واستنادی حیثیت ایک مطالعہ | تعارف تفسیر ومفسر، روایاتِ تفسیر کا تعارف اور اسنادی حیثیت، شبہات کا ازالہ، تفسیری اقوال پرکھنے کے اصول وضوابط اور ضرورت واہمیت خلاصہ اور نتائج البحث |
| 8 | تفسیر نور القرآن اور تفسیر ضیاء القرآن میں مسیحی مباحث کا تحقیقی جائزہ (پیر محمد کرم شاہ الازہری، علامہ ابو النصر منظور احمد شاہ رحمۃ اللہ علیہما) | تعارف تفاسیر ومفسرین، عیسائیت کا تعارف وعقائد، عیسائی اصلاحات کی تعریفات وتوضیحات، ہر دو مصنفین کا منہج واسلوب، ردعیسائیت پر پندرہ اہلسنت تالیفات کا تعارف |
| 9 | تفسیر الخازن اور تفسیر ابن کثیر میں اسرائیلی روایات ایک تجزیاتی مطالعہ | تعارف تفاسیر ومفسرین، اسرائیلیات کا معنی ومفہوم، اسرائیلی روایات کے اسباب واثرات اور روایات کی نشاندہی، اسرائیلی روایات کو بیان وشائع کرنے کے احکام ونتائج |
| 10 | مفحمات القرآن فی مبهمات القرآن امام جلال الدین سیوطی کے منہج واسلوب کاایک تحقیقی مطالعہ | تعارف، لغوی واصطلاحی مباحث، اقسام، قرآن کریم میں مبہم کی ضروریات وفوائد، حکمت اور اسباب مبہمات القرآن پر کئے گئے کام کا تحقیقی جائزہ، مصنف کا منہج واسلوب، خاتمہ |
| 11 | تفسیر القرآن باقوال الصحابہ رضی اللہ عنہم ایک تحقیقی مطالعہ | لفظ صحابہ کی لغوی واصطلاحی تعریف، تفسیر القرآن باقوال الصحابہ رضی اللہ عنہم کی ضرورت واہمیت، 10 مفسرین صحابہ کرام کی نمایاں تفسیری خدمات، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 12 | تفسیر القرآن بالرائے المحمود ایک تجزیاتی مطالعہ | تفسیر کا معنی ومفہوم، رائے کا لغوی واصطلاحی معنی، شرعی حیثیت، ضرورت واہمیت، شرائط وضوابط، مفسر کی اہلیت، تفسیر بالرائے کی نمائندہ تفاسیر اورُ ان کا تحقیقی جائزہ، خاتمہ |

| | | |
|---|---|---|
| 13 | عمدۃ البیان فی ترجمۃ القرآن<br>از ڈاکٹر غلام سرور قادری کی خصوصیات کا تحقیقی جائزہ | تعارف مترجم، ترجمہ نگاری، اردو تراجم کی ابتداء وارتقائی جائزہ، عمدۃ البیان کی ضرورت واسباب، خصائص، دیگر تراجم اہلسنت سے بلحاظ معنویت، لغویت اور ادبیت تقابل |
| 14 | خواص القرآن (امام محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ)<br>ترجمہ اور تحقیق و تخریج | حالاتِ مصنف و قرآنی خدمات، کتاب کا ترجمہ و تشریحات، مشکل الفاظ کی لغوی و صوفی تحقیق، آیات، احادیث و آثار اور واقعات کی تخریج اور اسنادی حیثیت، امراض و قرآنی علاج کا اشاریہ وانڈیکس و نتائج |
| 15 | حُرمات اللہؐ کے تناظر میں مقدسات کی تعظیم ورعایت<br>ایک تحقیقی مطالعہ | مقدسات کا لغوی واصطلاحی معنی، اہمیت وضرورت، دیگر مذاہب عالم میں مقدسات کے احترام کا تصور، غیر مسلم اقوام کے مقدسات شخصیات، مقامات اور تہوار کی تکریم کا شرعی نقطہ نظر، خاتمہ و نتائج البحث |
| 16 | قصص تبیان القرآن: ایک مطالعہ<br>(پارہ 1 تا 15) | قصص القرآن کے مقاصد، تبیان القرآن میں مذکور انبیاء ورسل علیہم السلام، عجائب قدرت، فضائل اعمال ، جذبہ ایمان واطاعت سے بھرپور، قصے، قرآنی سورتوں وآیات اور نافرمانوں کے قصے، خاتمہ |
| 17 | قصص تبیان القرآن: ایک مطالعہ<br>(پارہ 16 تا 30) | قصص القرآن کے مقاصد، تبیان القرآن میں مذکور انبیاء ورسل علیہم السلام، عجائب قدرت، فضائل اعمال ، جذبہ ایمان واطاعت سے بھرپور، قصے، قرآنی سورتوں وآیات اور نافرمانوں کے قصے، خاتمہ |
| 18 | قرآن کریم کے اسماء وصفات کا مطالعہ<br>(قرآن کریم میں مذکور کم از کم چالیس اسماء وصفات کی تشریح وتوضیح) | قرآن کی لغوی واصطلاحی بحث، قرآن کریم سے کم از کم چالیس اسماء وصفات کا تذکرہ، آیات اور پس منظر کی تفاصیل، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 19 | کشف ساق کا مفہوم اور اس کے نتائج<br>ایک مطالعہ | کشف ساق سے قرآن کریم کا مدعا، تشریحی کیفیات روایات کے تناظر میں، مجروح اقوال اور مستشرقین کے شبہات کا ازالہ، پس منظر کے خاص پہلو، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 20 | سعد ونحس کے بارے میں قرآنی تصور<br>ایک جائزہ | سعد ونحس لغوی واصطلاحی معانی، قرآن کریم میں وارد مقامات مع تشریحات، دنوں کے اچھے وبرے ہونے کی وضاحت اور شرعی نقطہ نگاہ، یوم نحس سے مراد، خلاصۃ البحث |
| 21 | قرآنی تعلیمات سے دوری، اسباب اور ان کا ازالہ<br>پاکستانی معاشرے کے تناظر میں | قرآن فہمی کی اہمیت وضرورت، قرآن فہمی میں درپیش مشکلات اور ان کا تدارک قرآن کریم سے استفادہ کا درست طریقہ، تجاویز واصلاح، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 22 | قرآنی لفظ لعلکم کے تحت بیان کردہ مضامین کے اسرار وحکم<br>ایک مطالعہ | لعل کا معنی ومفہوم، قرآنی موضوعات کی تفصیل، معاشرتی احکام، عصری تقاضے اور لفظ لعلکم، الف بائی ترتیب سے فہارس آیاتِ لعلکم، نتائج البحث وخاتمہ۔ |
| 23 | پاک وہند کے صوفیائے کرام کا شغف بالقرآن<br>ایک تحقیقی مطالعہ | صوفیاء کا مقام ومرتبہ قرآنی آیات کے تناظر میں، معمولاتِ صوفیاء قرآن کریم کی روشنی میں، تجوید وقرات کا ذوق، حفظ قرآن، حلقہ سماعت قرآن، اکتسابِ نور کا صوفی طریق، صوفیائے کرام اور ترجمہ وتفسیر قرآن مجید، خاتمہ |
| 24 | قرآنیات پر علمائے اہلسنت کی تصانیف کا تحقیقی جائزہ | مکمل ونامکمل ترجمہ وتفسیر، فن تجوید وقرات، علوم قرآن پر مستقل تصانیف، عربی تفاسیر پر حاشیے، تراجم کرنے والے علماء کا یک ورقی تعارف وتصانیف کا مکمل جائزہ، منہج واسلوب، خاتمہ |

# الأحاديث النبوية والسيرة النبوية ومايتعلق بها

| | | |
|---|---|---|
| 25 | حضور اکرم ﷺ کے اُخروی خصائص مبارکہ پر مشتمل روایات پر شارحین حدیث کے کلام کا مطالعاتی جائزہ | تقدیم، دیکھنی ہے حشر میں عزت رسول اللہ ﷺ کی، مقام وسیلہ، حوض کوثر، مفاتیح الجنۃ، مقام محمود، شفاعت عظمی ، لواءِ حمد، بلاحساب وکتاب امتیوں کا جنت میں داخلہ کی روایات پر شارحین حدیث کی تشریحات کا مطالعہ، حاصل کلام، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 26 | منتخب تفاسیر میں مباحثِ سیرت طیبہ: تحقیقی مطالعہ<br>1 تفسیر الحسنات، 2 تفسیر اشرفی، 3 تفسیر نور القرآن، 4 تفسیر امداد الکرم | تعارف تفسیر ومفسرین، مباحث سیرت میں مفسر کا منہج واسلوب، تحقیقات وتنقیدات، تصحیح روایات، ماخذ ومصادر، سیرت میں ترجیحی کتب اور مفسر کا رجحان نظر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 27 | منتخب شروحاتِ مشکوٰۃ میں روایات فضائل صحابہ واہل بیت رضی اللہ عنہم کی تشریحات کا تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ | منتخب شروحات (مرقاۃ المفاتیح، شرح الطیبی، شرح اشعۃ اللمعات) ومصنفین کا تعارف، روایات صحابہ واہل بیت رضی اللہ عنہم کی تخریج وتحقیق، استنادی حیثیت، الف بائی ترتیب سے فہارس روایات، خاتمہ اور نتائج البحث |

| | | |
|---|---|---|
| 28 | احادیث نبویہ میں وارد لفظ خیر اور اس کے استعمالات<br>ایک تحقیقی مطالعہ | خیر، عرف، حسنہ، بر، اور صواب کے لغوی واصطلاحی معانی، خیر کی اقسام، عیسائیت، یہودیت، ہندومت میں تصور خیر کا مفہوم، یزدان اور اہرمن کا تصور، اسلام کا تصور خیر، صوفیاء کے نزدیک خیر کا مفہوم، خاتمہ |
| 29 | احادیث نبویہ میں وارد لفظ شر اور اس کے استعمالات<br>ایک تحقیقی مطالعہ | شر کا معنی ومفہوم، عیسائیت، یہودیت، ہندومت میں تصور شر کا مفہوم، یزدان اور اہرمن کا تصور، اسلام کا تصور شر، صوفیاء کے نزدیک شر کا مفہوم، خاتمہ |
| 30 | لسان العرب میں وارد احادیث وآثار کا تحقیقی جائزہ<br>(باب الضاد تا باب الیاء) | تعارف مصنف وکتاب، منہج تالیف، احادیث وآثار کا موضوعاتی انڈیکس، الف بائی ترتیب سے فہارس، وارد احادیث وآثار کی تخریج واسنادی حیثیت، خاتمہ، نتائج البحث |
| 31 | لسان العرب میں وارد احادیث وآثار کا تحقیقی جائزہ<br>(باب الھمو تا باب الصاد) | تعارف مصنف وکتاب، منہج تالیف، احادیث وآثار کا موضوعاتی انڈیکس، الف بائی ترتیب سے فہارس، وارد احادیث وآثار کی تخریج واسنادی حیثیت، خاتمہ، نتائج البحث |
| 32 | حفیظ تائب کی شاعری میں وارد معجزات نبوی ﷺ<br>تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ | شعر وشاعری اسلامی تصور، حفیظ تائب کا تعارف اور کلیات تائب کا جائزہ، اشعار میں مذکور معجزات کا تجزیاتی مطالعہ مع تخریج ونتائج |
| 33 | معروف کتب مسانید ومصنفات کا تعارف و تحقیقی جائزہ | مسند، مصنف کی تعریفات، کتب حدیث کی اقسام وترتیب، معروف کتب مسانید ومصنفات کا تعارف نیز مصنفین کے مختصر حالات، خاتمہ ونتائج البحث |
| 34 | مشکلات الحدیث پر کئے گئے کام کا جائزہ | مشکل الحدیث، تعریف واسباب، کم از کم بیس احادیث بطور مثال، ضروری شرائط، وضاحت وتشریحات، تعامل کے قواعد، مشکلات الحدیث پر پانچ عربی کتب کا تعارف مع احوال مصنفین، خاتمہ ونتائج |
| 35 | فتنہ انکار حدیث کے رد میں علمائے اہل سنت کی خدمات<br>تحقیقی وتجزیاتی جائزہ | فتنہ انکار حدیث کا تعارف وتاریخ، علمائے اہل سنت کی خدمات کا جائزہ اور تردیدی کتب کا تعارف وخصوصیات، پانچ معروف منکرین حدیث شخصیات کا تعارف، خاتمہ، نتائج البحث |
| 36 | تہذیب وتمدن سیرت طیبہ کی روشنی میں<br>ایک مطالعہ | سیرت النبی ﷺ کے دنیا تہذیبی وثقافتی اثرات، عبادات، معمولات، ماکولات ومشروبات، ملبوسات، حفظان صحت، اُمور خانہ داری میں اُسوہ مقدسہ، خاتمہ |
| 37 | انفاق فی سبیل اللہ میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا طرزِ عمل<br>ایک مطالعہ | انفاق کی اہمیت، فضائل، مصارف، خیر وبھلائی کے امور میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا مسابقہ، ترجیحات اور انفرادی واجتماعی انفاق کے واقعات، نتائج البحث |
| 38 | حکم حدیث میں ائمہ نقاد کا منہج: تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ | نقد لغوی، اصطلاحی اور عرفی معنی ومفہوم، نقد کی ابتدا اور ترقی، ضرورت واساس اور نقد کی افادیت، ناقد کے لیے ضروری امور، سب سے پہلے تحقیق وتفتیش روایات کی بنیاد رکھنے والے شخصیات، خاتمہ ونتائج |
| 39 | واللہ ماادری وانا رسول اللہ ما یفعل بی<br>روایت کی تشریح وتوضیح | شانِ ورود، تخریج حدیث، طرق سند ومتن، حسن انجام کے بارے میں تردد؟ (العیاذ باللہ) مستشرقین کے مغالطے کا تحقیقی ازالہ، شارحین حدیث کی تشریحات، خاتمہ ونتائج |

## المسائل الاعتقادية والكلامية ومتعلقاتها

| | | |
|---|---|---|
| 40 | تقدیر کے بارے میں اہل سنت کا نظریہ فکر | عقیدہ تقدیر کا مفہوم قرآن وسنت اور علم الکلام کی روشنی میں، تقدیر سے متعلق اختلاف اور اہل سنت کا موقف، دلائل، اعتراضات وشبہات کا رد، ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 41 | لفظ احمد، حضور نبی اکرم ﷺ کا اسم ذاتی یا اسم وصفی<br>تحقیقی وتنقیدی جائزہ | اسمائے النبی ﷺ کی اہمیت وفضلیت معروف کتب اسمائے النبی ﷺ کا مختصر تعارف۔ لفظ احمد اسم ذاتی یا وصفی، مشاہیر اہل علم کی تحقیقات، انوار العلوم مؤلفہ مرزا بشیر الدین قادیانی کے مغالطات کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ، خاتمہ، نتائج البحث |
| 42 | فتنہ الحاد اور معاشرہ پر سنگین اثرات<br>ایک جائزہ | فتنہ الحاد کا تعارف، ملحدین کے اعتراضات، معاشرے پر سنگین اثرات، الحاد کے سدباب کی صورتیں، علماء کے کردار کی ضرورت واہمیت، حکومتی ذمہ داریاں، ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |

| | | |
|---|---|---|
| 43 | مکالمہ بین المذاہب کی ضرورت واہمیت<br>ایک تجزیاتی مطالعہ | مکالمہ، لغوی واصطلاحی معانی، شرائط، ضوابط، حدود وقیود، سیرت طیبہ کی روشنی میں مکالمہ کی اہمیت، سیرت صحابہ وتابعین میں مکالمہ کی اہمیت، اسلامی ترجیحات، مکالمہ کے مفید ثمرات اور اثرات، خاتمہ، نتائج البحث |
| 44 | گستاخانہ محاورات اور ضرب المثل کا استعمال<br>شرعی احکام ونقطہ نظر | موضوع کی اہمیت وافادیت، کفریہ وشرکیہ الفاظ کے شرعی احکام، مذاق اور غیر ارادی طور پر کہے جانے والے کلمات کا حکم، ایمان تجدید نکاح کی صورتیں، فقہی کفر کے احکام ومسائل، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 45 | قدرتی آفات کا تدارک وعملی اقدامات<br>سیرت طیبہ کے تناظر میں | قحط، سیلاب، دیگر قدرتی آفات آزمائش یا عذاب، قدرتی آفات اور فرامین رسول ﷺ قدرتی آفات کے وقت ریاستی، اجتماعی وانفرادی ذمہ داریاں، نقصان کی تلافی کس کے ذمہ ہوگی، متاثرین کی آبادکاری پر اجر وثواب، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 46 | کامیاب مربی کے اوصاف سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں | فرد کی تربیت، معاشرے کی اہم ضرورت، تربیت انسانی کے مختلف پہلو، کامیاب مربی کے اوصاف وخصائص، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 47 | ادیان ومذاہب کے پیروکاروں سے مناظرہ کے اصول وضوابط | مناظرہ لغوی واصطلاحی معنی، مقاصد واہداف، اخلاقی اصول، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 48 | امت میں اعتقادی عملی بگاڑ اور علمائے امت کی ذمہ داریاں | ایمان وعقیدے کی اہمیت، ذہنی ارتداد کی خطرناک لہر، وجوہات اور تدارک، عقیدہ عمل کی بنیاد، اصلاحی اقدامات کی ضرورت اور علمائے کرام کی ذمہ داریاں، خاتمہ اور نتائج البحث |

## المسائل الفقهية والإسلامية وما يتعلق بها

| | | |
|---|---|---|
| 49 | ادب الفتیا (علامہ جلال الدین السیوطی)<br>ترجمہ وتحقیق، منہج واسلوب | تعارف مصنف، موضوع کی اہمیت وافادیت، ترجمہ وتحقیق، تخریج، فہارس آیات، احادیث، فقہی آثار، اسلوب، خاتمہ، نتائج البحث |
| 50 | حکم شرعی کا حقیقی تصور اور صورتیں<br>(فرض، واجب، سنت، حرام، مکروہ وغیرہ) | احکام شرع کی اقسام، تعارف، ائمہ مجتہدین کے اقوال، شرعی احکام کا معیار، دلائل کے درجات، حکم کے اثبات کیلئے اصول وضوابط، ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 51 | مومن کی بنیادی صفات، قرآن وسنت اور فقہ اسلامی کی روشنی میں | ایمان کی تعریف، مومن کی پہچان، ایمان کی شاخیں، مومنین کی صفات قرآن وسنت کی روشنی میں، ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 52 | منکرین ختم نبوت کے خلاف بین الاقوامی اور پاکستان عدلیہ کے اہم فیصلوں کا تحقیقی جائزہ | عقیدہ ختم نبوت، مفہوم واہمیت، عقلی، نقلی دلائل اور تاریخ اسلام، بین الاقوامی اور پاکستانی عدالتوں کے اہم فیصلے، تجاویز وسفارشات، مصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 53 | سائنٹیفک رویت ہلال کی روشنی میں<br>سعودی عرب کے اقدامات کا شرعی وتحقیقی جائزہ | شرعی احکام، سائنٹیفک رویت کا طریقہ کار، خوبیوں اور خامیوں کا جائزہ۔ سائنسی رویت پر انحصار کرتے ہوئے کئے گئے اقدامات کا شرعی حکم مثلاً رمضان۔ عیدین۔ حج وغیرہ ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 54 | اسلامک بینکنگ کی تحقیقی اور تدریجی جائزہ<br>2015تا2023 | اسلامی اصول تجارت وقرض، مروجہ اسلامی بینکنگ کی حقیقت، اسلامی وسودی بینک کاری میں فرق، سرپرست بینک کا سودی عمل اور ماتحت بینک کا اسلامی بینکنگ کا تصور، ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 55 | عمر رسیدہ افراد کے لئے اولڈ ہاوس اور اسلامی تعلیمات کا تقابل | والدین کے حقوق، کمزور، ضعیف وعمر رسیدہ افراد کی مدد، کفالت کے اصول وضوابط، جدید اولڈ ہاؤسز کا تعارف شرعی حیثیت، مغربی تہذیب اور تعلیمات اسلام میں فرق، خاتمہ، نتائج البحث |
| 56 | مسئلہ تسعیر (نرخ بندی ۲۲) اور سماج پر اس کے اثرات کا جائزہ: ایک تحقیقی مطالعہ | تسعیر، لغوی، اصطلاحی وفقہی تعریفات، سعر وثمن، قیمت کے مابین بنیادی فرق، قیمتوں کے تعین میں حکومتوں کا عمل دخل، فقہی اصول وضوابط، فتاوی اہلسنت سے مسئلہ تسعیر کی امثلہ، خاتمہ |
| 57 | آن لائن خرید وفروخت میں موجود خامیوں کا شرعی جائزہ | خرید وفرخت کے شرعی ضابطے، موجودہ صورتیں، خرابیوں کی نشان دہی، فقہی مذاہب، شرعی احکامات، تدارک وتجاویز، خاتمہ، نتائج البحث |
| 58 | گداگری کے احکام اور اس کی روک تھام کے لئے اقدامات<br>ایک تحقیقی جائزہ | گداگری کیا ہے؟ بڑھتا ہوا رجحان، حوصلہ شکنی کی ضرورت، اسلامی طرز عمل، روک تھام کے اقدامات، گداگری کنٹرول کرنے کے لئے حکومتی اقدامات، تجاویز وآراء، خاتمہ، نتائج البحث |

| | | |
|---|---|---|
| 59 | رزق حلال کے انفرادی واجتماعی اثرات قرآن وسنت کی روشنی میں | کسب حلال کے احکام، اہمیت، ضرورت، فضائل، رزق حلال کمانے کی ذمہ داری، حرام سے اجتناب، رزق حلال کی برکتیں، اثرات، حرام کی نحوست، ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 60 | تصویر کشی موجودہ دور کا فتنہ، عظیمہ اور شریعت اسلامیہ | مصوری کی قدیم وجدید صورتیں، شرعی احکام، اشتہار، پینافلیکس، سوشل میڈیا اور مختلف چینلز پر دیکھائی دینے والے نیم برہنہ وحیاسوز مناظر، نقصانات، سیلفی کی تباہ کاریاں، ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 61 | دھوکا بازی کی تباہ کاریاں اور معاشرہ پر اس کے اثرات | مذمت، معاشرے میں رائج صورتیں، دھوکے باز کی شہادت کا حکم، تدارک حکومتی ذمہ داریاں اور اس کا سدباب کی ممکنہ صورتیں، ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 62 | حکمت اور موعظ حسنہ کا معنی ومفہوم عصری تناظر میں | دعوت وتبلیغ دین کا معنی ومفہوم، اہمیت، ضرورت، اصول دعوت واحکام شرع، مسلمانوں کے زوال کے تناظر میں عصر حاضر کے حالات، اس حوالے سے حکمت اور موعظ حسنہ کا معنی ومفہوم، ماخذ ومصادر، خاتمہ، |
| 63 | معاشرے کو غلو سے پاک کرنے کی ضرورت واہمیت ایک تحقیقی جائزہ | غلو کا معنی ومفہوم، امثلہ، ہمہ جہت صورتیں، حرمت وممانعت، معاشرے کو غلو سے پاک کرنے کی ضرورت واہمیت کا تحقیقی جائزہ، معاشی ومعاشرتی مضمرات، علماء کی ذمہ داریاں،، خاتمہ، نتائج البحث |
| 64 | ناموس رسالت کا تقدس قلوب واذہان میں راسخ کرنے کی ضرورت واہمیت: ایک جائزہ | ناموس رسالت کے اہم پہلو، عصر حاضر میں ناموس رسالت کا تقدس مجروح کرنے کی جسارتیں، حکومتی ذمہ داریاں، علماء اور مذہبی تنظیموں کا کردار، خاتمہ، نتائج البحث |
| 65 | غیر مسلم کی گواہی کی شرعی حیثیت | گواہی وشہادت کی تعریف، اقسام، احکام، غیر مسلم کی گواہی کی حیثیت معاملات، سیاست، معاشرت اور مذہبی امور میں، ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 66 | اسلام میں اختلاف کے اصول وآداب | اختلاف کا معنی ومفہوم اور متعلقات واقسام، محرکات واسباب، سلیقہ اختلاف، اختلاف خیر القرون میں، اصول وآداب، استنباط احکام میں مناہج آئمہ کا اختلاف، تشریح وتوضیح، ذاتی میلانات، خاتمہ ونتائج البحث |
| 67 | دعوت وتبلیغ میں خواتین اسلام کا کردار | دعوت وتبلیغ کا مفہوم، فضیلت واہمیت، دعوت دین کے تقاضے اور ذمہ داریاں، داعی کے اوصاف، دعوت وتبلیغ میں خواتین اسلام کا کردار، پیش آمدہ مسائل اور ان کا حل، خاتمہ ونتائج البحث |
| 68 | اسلام اور شجر کاری: تحقیقی مطالعہ | شجر کاری کا مفہوم وفضیلت، سماجی، معاشرتی، اقتصادی اور سائنسی فوائد، شجر کاری کے دنیاوی مصالح اور دینی منافع، شجر کاری اور ماحولیاتی آلودگیوں کا تحفظ، ہماری ذمہ داریاں، درخت اور پودے کاٹنے کی ممانعت |
| 69 | وقت کی اہمیت شریعت اسلامیہ کی روشنی میں: ایک جائزہ | انسان کی زندگی نعمت الٰہی، وقت کی اہمیت قرآن کی روشنی میں، وقت کی اہمیت حدیث کی روشنی میں، وقت کی قدر علماء اسلاف کی نظر میں، وقت کی قدر کے فوائد، خاتمہ، نتائج، سفارشات |
| 70 | مخلوط نظام تعلیم اور عصر حاضر میں پیش آمدہ مسائل اور ان کا حل | مخلوط نظام تعلیم کا تعارف، مخلوط نظام تعلیم اور اس کا شرعی حکم، فوائد ونقصانات، مخلوط نظام تعلیم اور اس کے مسائل اور ان کا حل، خاتمہ، نتائج البحث، تجاویز |
| 71 | عصر حاضر میں نکاح اور شادی کے راستے میں پیش آمدہ مسائل اور ان کے مجوزہ حل | نکاح کی اہمیت وضرورت، نکاح کے بغیر زندگی کے نقصانات، نکاح میں پیش آمدہ مسائل، اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ان کا حل، خاتمہ نتائج البحث |
| 72 | سوشل میڈیا کا بے حیائی کے فروغ میں اہم کردار اور اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اس کا سدباب | فحش ویڈیوز کا پھیلاؤ اور اس کے اثرات، انفرادی، اجتماعی ذمہ داری اور کردار، والدین کے اولاد کے نگہبانی اور موبائل کے استعمال کی نگرانی، سفارشات، خاتمہ، نتائج البحث |
| 73 | ملزم کو قید (rr) کرنے کی شرعی وقانونی حیثیت | حبس کے لغوی واصطلاحی معنی، ملزم کا معنی ومفہوم، ملزم اور مجرم میں فرق، عہد خیر القرون سے حبس ملزم کی امثلہ، فقہی مذاہب اربعہ کے موقف مع تشریحات، نامور قضاۃ اسلام کے واقعات، ملکی قوانین، خاتمہ |
| 74 | مساجد میں اعلانات کی کثرت، ایک لمحہ فکریہ | مساجد کی اہمیت وعظمت، بنیادی مقاصد، اعلانات کی شرعی حیثیت، فقہی مسالک کی آراء، تجاویز وسفارشات، خاتمہ، نتائج البحث |
| 75 | انسانی تصرفات میں رضامندی کی اہمیت | رضا واختیار کی تعریف اور باہمی فرق، اختیار کی قسمیں، زبانی رضامندی کی اہمیت، محض رضامندی سے جرم سرانجام دیا جاسکتا ہے؟ قدرتی نظام معاشرت سے بغاوت کا انجام، سفارشات، خاتمہ |

# التصوف والرجال والتعليم والتربية ومايتعلق بها

| | | |
|---|---|---|
| 76 | کشف المحجوب کے تراجم اور دیباچہ جات کا تقابلی مطالعہ | تعارف کشف المحجوب، علمی وفکری اہمیت ومنزلت، تراجم ومترجمین کا یک ورقی تعارف، تقابلی جائزہ، خصوصیات، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 77 | میزان الاعتدال (ذھبی) اور تہذیب التھذیب (عسقلانی) کا تعارفی وتقابلی جائزہ | ہر دو مولفین کا تعارف، ہر دو کتب کا تعارف، نقد رجال اور جرح وتعدیل میں منہج واسلوب اور تقابلی جائزہ، خاتمہ، نتائج البحث |
| 78 | علامہ ابو النصر منظور احمد شاہ کے صوفیانہ افکار کا جائزہ (جلوہ جاناں کی روشنی میں) | مصنف وکتاب کا تعارف ودینی خدمات، منہج واسلوب صوفیانہ، طرز تحریر، اصلاحی انداز، سیرت رسول اللہ ﷺ کو زندگی کا حصہ بنانے کیلئے پیش کیا گیا انداز اور اس کا جائزہ، خاتمہ ونتائج البحث |
| 79 | رسالہ نعمت عظمی (مولفہ مفتی ریاست علی خان شاہجہاپوری) کا تحقیقی واختصاصی جائزہ | تعارف مصنف وخدمات، مقدمہ (عقیدے کی ضرورت واہمیت)، منہج تحقیق واستنباط، حواشی وتعلیقات، روایات ومسائل کی مکمل تخریج، تجاویز، سفارشات، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 80 | شیخ الاسلام خواجہ عبد اللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ تعارف وخدمات | سوانح حیات، شخصی اوصاف، صوفیانہ خدمات، تصانیف کا اسلوب و منہج، تراجم کی نشاندہی، قصائد ورباعیات تعلیمات وکلمات تحسین، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 81 | محدثِ شام شیخ ضیاء الدین مقدسی رحمۃ اللہ علیہ کی مجاہدانہ خدمات کا مطالعاتی جائزہ | سوانح حیات، شخصی اوصاف، مجاہدانہ خدمات اور جذبہ جہاد، تصانیف کا اسلوب و منہج، تراجم کی نشاندہی، تعلیمات وکلماتِ تحسین، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 82 | علامہ محمد یعقوب ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ: ایک کہنہ مشق عالم باعمل | تعارف، حصول علم، تعارف اساتذہ ومشائخ کرام، انداز تدریس، انداز خطابت اور تصنیفی کام، اوصاف وخصائص، مشاہیر تلامذہ اور وابستگان، مشاہیر کے کلمات تحسین، خاتمہ ونتائج البحث |
| 83 | اعلیٰ حضرت خواجہ غلام مرتضی بیر بلوی رحمۃ اللہ علیہ حیات وخدمات کا جائزہ | فضیلت علم وعلماء، احوال واعزاز، اوصاف وخصائص، معمولات، خلفائے مجاز، سوانح حیات پر مطبوعہ کتب کا تقابلی جائزہ، رسائل وکتب کا تعارفی مطالعہ، خاتمہ ونتائج البحث |
| 84 | علامہ سعید احمد اسعد رحمۃ اللہ علیہ، بحیثیت مناظر اسلام حیات وخدمات | تعارف، شخصی اوصاف، تصانیف وتدریس خدمات، بحیثیت کامیاب مناظر، اصول مناظرہ، حاضر جوابی، اور تالیفات کا عمومی وتعارفی جائزہ، خاتمہ |
| 85 | ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی رحمۃ اللہ علیہ کی تذکرہ نگاری (جمال نقشبند اور بہار چشت کی روشنی میں) | تذکرہ نگاری کیا ہے؟ روایت وتاریخ، تذکرہ نگاری کی مشکلات، ڈاکٹر اسحاق قریشی کے احوال وآثار، خدمات، منہج واسلوب، رجحان نظر، تجاویز، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 86 | علامہ سید محمد خلیل کاظمی امروہی رحمۃ اللہ علیہ کی شاعری ادبی وفنی محاسن: ایک مطالعاتی جائزہ | سوانح وشخصیت، منظوم تصانیف کا تعارف اور موضوعاتی جائزہ، شاعری کی اہمیت ومعنویت، حمدیہ، نعتیہ اور منقبتیہ کلام کے ادبی وفنی محاسن، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 87 | اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور میں شیوخ اہلسنت کی خدمات کا جائزہ<br>1۔حضرت شیخ غلام محمد گھوٹوی (شیخ الجامعہ) 2۔علامہ سید احمد سعید کاظمی (شیخ الحدیث) 3۔علامہ سید حسن الدین ہاشمی (شیخ الفقہ) 4۔ڈاکٹر حامد حسن بلگرامی (رئیس الجامعہ) 5۔ڈاکٹر پیر محمد حسن (شیخ الادب العربی) 6۔علامہ سید ہاشم فاضل شمسی (شیخ التصوف) | مختصر تعارف شخصیات، خدمات، ملازمت کا دورانیہ، مشاہیر تلامذہ وفیض یافتگان، یادگار شخصیات سے ملاقات اور تبادلہ خیال، جامعہ میں غیر نصابی سرگرمیاں، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 88 | جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کے متوفی شیوخ الحدیث تعارف وخدمات<br>1۔علامہ غلام رسول رضوی 2۔علامہ محمد رشید نقشبندی 3۔علامہ عبد الحکیم شرف قادری 4۔علامہ مفتی عبد القیوم ہزاروی 5۔مفتی غلام سرور قادری، مفتی گل احمد خان عتیقی رحمۃ اللہ علیہم | تعارف، شخصی اوصاف، انداز تدریس، حصول علم حدیث واجازات حدیث، شیوخ صحاح ستہ سے اسناد کا تسلسل، خصوصیات درس، تالیفات وتراجم، خصوصی نصائح وارشادات، فوائد دورہ حدیث، مشاہیر تلامذہ، یادگار واقعات، خاتمہ ونتائج البحث |
| 89 | علامہ عبد الحکیم شرف قادری رحمۃ اللہ علیہ، بطور مترجم قرآن | مختصر تعارف، ترجمہ نگاری کے حوالے سے خدمات کا جائزہ، بطور مترجم قرآن خصوصی اسلوب، ترجمہ کی خصوصیات، خاتمہ، نتائج البحث |

| | | |
|---|---|---|
| 90 | مفسر قرآن علامہ نبی بخش حلوائی کی علمی خدمات کا جائزہ | مولانا نبی بخش حلوائی کا تعارف، حالات زندگی، تصانیف، کتب کا تعارف، اسلوب و منہج، نمایاں علمی خدمات، تاریخ گوئی، شاعری، تفسیر، فقہ وغیرہ علمی خدمات، کلمات تحسین، خاتمہ، نتائج البحث |
| 91 | مولانا ضیاء الدین خالد کردی رحمۃ اللہ علیہ، تعارف و خدمات | تعارف، شخصی اوصاف، دعوتی خدمات، علمی و تصنیفی نگارشات، معروف معاصرین کا تعارف، کلماتِ تحسین خاتمہ، نتائج البحث |
| 92 | پیشوائے اہل سنت پیر محمد افضل قادری رحمۃ اللہ علیہ ایک کہنہ مشق عالم، متحرک کردار | تعارف، حصول علم، تعارف اساتذہ و مشائخ کرام، انداز تدریس، انداز خطابت اور تصنیفی کام، اوصاف و خصائص، مشاہیر تلامذہ اور وابستگان، مشاہیر کے کلمات تحسین، خاتمہ و نتائج البحث |
| 93 | سیدنا غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے فیض یافتہ محدثین تعارف و خدمات کا جائزہ | تاریخ خانقاہِ قادریہ، محدثین تلامذہ، اکتساب علم، شخصی اوصاف، علمی و قار و وجاہت، تصانیف حدیث کا تعارف اور خصوصی منہج، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 94 | سلسلہ شاذلیہ، تعارف و تعلیمات ایک تاریخی جائزہ | سلسلہ شاذلیہ کا آغاز وارتقاء، بانی شیخ کا تعارف و اوصافی صفات، برصغیر میں سلسلہ شاذلیہ کے مراکز اور شیوخ، تصنیفی خدمات، معمولات و تعلیمات، خاتمہ، نتائج البحث |
| 95 | سیدنا غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات میں توحید کی مباحث | تذکرہ و اوصاف، خدمات، تصانیف و تلامذہ، تبلیغی خدمات، آپ کی تعلیمات میں توحید کی مباحث، طرز استدلال وافہام، ماخذ و مصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 96 | امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کی اردو شاعری میں سیدنا غوثِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے مناقب کا تجزیاتی مطالعہ | دونوں شخصیات کا مختصر تعارف، اعلی حضرت کی شاعری میں سیدنا غوثِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی مناقب کا تجزیاتی مطالعہ، حل مشکل الفاظ، لغات، فہارس، مصادر، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 97 | "تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں" ڈاکٹر محمد سرفراز نعیمی شہید رحمۃ اللہ علیہ کا کردار | ناموس رسالت: تعریف، دلائل قرآن و حدیث، واقعات سیرت اقوال محدثین و فقہاء، اقدامات سلاطین عصر جدید میں توہین رسالت کے مغرب میں ہونے والے واقعات، عالم اسلام کا رد عمل، ڈاکٹر سرفراز نعیمی کے حالات زندگی، خدمات دینیہ و اسلامیہ، مختلف صدور (صدر پرویز مشرف) اور حکومتوں کے دور میں ناموس رسالت پر حملے اور ڈاکٹر سرفراز نعیمی شہید کا انہیں روکنے میں کردار، مغربی حملوں کا جواب، تحفظ ناموس رسالت محاذ کے تحت کی گئی کاوشوں کا جائزہ |
| 98 | درس نظامی، تعارف، عمل پزیری عصر حاضر سے ہم آہنگی کی تجاویز | مدارس کی مختصر تاریخ، مدرسہ نظامیہ بغداد اور اسکا نصاب، برصغیر میں درس نظامی کا تعارف، مرتب ملا نظام الدین سہالوی حالات زندگی، خدمات دینیہ، نصاب کی تیاری، اجراء، برصغیر میں درس نظامی کا چلن، وقتاً فوقتاً کی گئی تبدیلیاں، عصر حاضر میں تعلیم کے تقاضے، دینی تعلیم کے نصاب میں تبدیلی کے رجحان کے فوائد و نقصانات، عصر حاضر سے ہم آہنگ کئے جانے کی تجاویز، خاتمہ، نتائج، بحث |
| 99 | سلسلہ نور بخشیہ تاریخ، تعارف اور تعلیمات ایک تحقیقی جائزہ | موسس سلسلہ نور بخشیہ، تعارف، تاریخ، ترجمان نظر، عقائد و نظریات، صوفیہ اور امامیہ طبقات کی تقسیم، فقہی تفردات، کتاب الفقہ الاحوط، کا تحقیقی جائزہ |
| 100 | تذکرہ مشائخ بھکھی شریف کا منہج و اسلوب | مشائخ بھکھی شریف کا تعارف، تعلیمی، دینی، مذہبی، تدریسی، تبلیغی خدمات کا جائزہ، تذکرہ مشائخ بھکھی شریف کا تعارف، مشتملات، کتاب کا منہج و اسلوب، خاتمہ و نتائج البحث |
| 101 | موضوع روایات سے استدلال اور اسلامی معاشرے پر اس کے اثرات، تجزیاتی مطالعہ | حدیث موضوع سے استدلال کی ممانعت، تاریخی موضوع واقعات بیان کرنے کا حکم، موضوع روایات و واقعات سے اجتناب عصر حاضر کی اہم ضرورت۔ خاتمہ، نتائج البحث |
| 102 | عصر حاضر میں مطالعہ کی ضرورت و اہمیت | مطالعہ کی اہمیت و ضرورت، علماء اور خطباء کے لئے مطالعہ کی ضرورت و اہمیت، مطالعہ کے فوائد، اوقات، ضروری اقدامات، نتائج و مفید سفارشات، خاتمہ، نتائج البحث |
| 103 | ناموس رسالت اور تحفظ ختم نبوت پر لکھی گئی اردو کتب اشاریہ | اشاریہ کیا ہے؟ اہمیت، افادیت، مقاصد اور خصوصیات، اشاریہ سازی کے حوالے سے محققین کے کام کا جائزہ، (تحقیق صرف اہلسنت کتب پر کی جائے) تجاویز، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 104 | مقالات کی تحریر میں سرقہ اور طویل اقتباسات | فن تحریر کی ضرورت، اہمیت، مقاصد، مضمون نویسی سیکھنے کے مراحل، مقالہ نویسی سے متعلق کتب کا تعارف، علمی سرقہ کی شاعت، اقتباس کی ضرورت، اصول، خاتمہ اور نتائج البحث |

| | | |
|---|---|---|
| 105 | مقالات نویسی میں طالب علم اور نگران مقالہ کے مابین ربط کیسے مفید ہو سکتا ہے؟ فقدان کے اسباب کا تدارک | مقالہ نویسی کی اہمیت، طالب علم کی ذمہ داری، نگران مقالہ کی خصوصیات، نگران سے عدم رابطہ کے نقصانات، اسباب، تدارک، نگران سے رابطہ کے ذرائع، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 106 | تدریب المعلمین کورسز، ضرورت واہمیت | تدریب المعلمین، تعارف ومقاصد، ضرورت واہمیت، اساتذہ کے لیے لائحہ عمل کیا ہونا چاہیے؟ مدارس وجامعات کے لیے ہدایات کون سی ہوں؟ خاتمہ، نتائج البحث |
| 107 | دینی مدارس کے نظام تعلیم کی خوبیاں اور خامیاں ایک تحقیقی وتنقیدی جائزہ | دینی مدارس کے نظام تعلیم کا جائزہ، اس نظام کی خوبیوں کی نشاندہی، رائج نظام کی خامیوں کی نشاندہی، خامیوں کو دور کرنے کیلئے تجاویز اور اصلاحات، ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 108 | تعلیمی اداروں میں فحاشی اور منشیات کے استعمال کا بڑھتا رجحان اسباب وتدارک، اسلامی تعلیمات کی روشنی میں | فحاشی کے اسباب، فحاشی ومنشیات کی روک تھام، فحاشی اور منشیات کی روک تھام میں کئے گئے اقدامات، خاتمہ، نتائج البحث |
| 109 | معاشرہ کی اصلاح میں مساجد اور ائمہ کرام کا کردار تجزیاتی مطالعہ | مساجد کی فضیلت واہمیت، حضور مسجد کے اداب، تزئین مساجد کے شرعی احکام، مصالح مسجد لغوی وشرعی تعریفات واحکام؟ متولی اور انتظامیہ کے اختیارات، اوصاف اور شرائط، دور حاضر میں اصلاح معاشرہ کے لئے مساجد کا ممکنہ کردار، امام مسجد کی فضیلت اور حقوق، زبوں حالی کا تدارک کیسے ممکن ہے؟ تجاویز سفارشات، |
| 110 | دینی مدارس کے معاشی مسائل اور ان کا حل، مطالعاتی جائزہ | مدارس کی تاریخ واہمیت، نظام تعلیم وتربیت کا تاریخی جائزہ، اخراجات، آمدن کے وسائل وممکنہ ذرائع، ادارہ کے معاشی معاملات میں طلبہ کی ذمہ داریاں؟ خود کفیل اداروں کا تعارف، سفارشات، تجاویز، خاتمہ |
| 111 | غربت کے انسانی شخصیت پر اثرات، اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تحقیقی وتنقیدی جائزہ | فقر، افلاس اور تنگدستی شریعت کی روشنی میں، غربت کی حد کا تعین، غریب ہونے کی وجہ سے پیدا ہونے والی کمزوریاں، ان کے انسانی زندگی پر اثرات، ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 112 | اسلام میں خواتین کی غیر خانگی سرگرمیوں کا تصور، عہد نبوی اور خلافت راشدہ کی روشنی میں | خواتین کی خدمات اسلامی تعلیمات، عہد خیر القرون میں گھروں سے باہر کے معمولات، عصر حاضر میں گھروں سے باہر کے معمولات کی ممکنہ صورتیں، باہر نکلنا پڑے تو شرعی احکام، ماخذ ومصادر، خاتمہ، |
| 113 | حقوق انسانی کا مغربی اور اسلامی تصور (ایک تقابلی مطالعہ) | اسلام میں انسانی حقوق، ضرورت، اہمیت، ذمہ داریاں، حقوق العباد کی اہمیت، مغربی تہذیب اور انسانی حقوق، اسلام اور مغربی فکر میں فرق، خاتمہ، نتائج البحث |
| 114 | اسلاف کا جذبہ جہاد اور عصر حاضر کا نوجوان | اسلام اور جہاد کے احکام، مقاصد، مجاہدین اسلام کا جذبہ جہاد، تاریخ اسلام میں جہاد کا روشن باب، اثرات، نتائج اور دور حاضر کا نوجوان اور جہاد سے دوری کے اثرات، خاتمہ، نتائج البحث |
| 115 | بزدلی وبخیلی کے انسانی کردار پر سماجی ونفسیات اثرات قرآن وحدیث کی روشنی میں | بزدلی وبخیلی کے لیے قرآن وحدیث میں وارد الفاظ مع تشریحات لغوی واصطلاحی، بزدلی وبخیلی کے اسباب، مذمت، پناہ مانگنے کی دعائیں، اسرار وحکم، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 116 | ازدواجی زندگی میں تناؤ کا حل، سیرت طیبہ کی روشنی میں | زن وشوئی کے تعلقات، محبت ودعا، قطع تعلقی اور ناراضگی کے وقت اسلامی تعلیمات، خوشگوار ازدواجی زندگی کے راہنما اصول، خاتمہ ونتائج البحث |
| 117 | افراد سازی میں مشاہیر قائدین کا کردار<br>علامہ شاہ احمد نورانی، علامہ عبد الستار نیازی، حاجی فضل کریم، ڈاکٹر سرفراز نعیمی رحمۃ اللہ علیہم | کردار سازی کے اصول، شخصی اوصاف وقائدانہ صلاحیتیں، افراد سازی کے حوالے سے نمایاں خدمات اور طریقہ تربیت، خصوصی رجحانات، خاتمہ، نتائج البحث |
| 118 | جامعہ اسلام آباد: تعارف اور مطلوبہ اہداف | جامعہ اسلام آباد کی تاریخ، پس منظر، تعارف، علمی، دینی، مذہبی، تعلیمی، تحقیقی ،اصلاحی، تبلیغی خدمات کا جائزہ، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 119 | ہجویریات کے فروغ میں ڈاکٹر ظہور احمد اظہر کی خدمات ایک جائزہ | سوانح حیات، تصنیفی خدمات، تراجم، ہجویریات کے حوالے سے ریسرچ آرٹیکلز، جرائد کے خصوصی نمبرات، اخبارات، خاتمہ اور نتائج البحث |

# السیاسۃ والحکومۃ والسِیر ومایتعلق بھا

| | | |
|---|---|---|
| 120 | صحافت میں علمائے اہلسنت کی گرانقدر خدمات مطالعاتی جائزہ | صحافت کی تعریف، دائرہ کار، علماء کی صحافتی خدمات، قدیم وجدید اہلسنت اخبارات، جرائد ورسائل کی تفاصیل ،مقام اشاعت، ایڈیٹرز، سن اجراء، دوحاضر میں اسلامی صحافت کی ضرورت واہمیت |
| 121 | جدید صحافت: فکر اسلامی کی روشنی میں | صحافت کی تعریف اور اسلامی تصور، قرآن حکیم اور صحافت کے اصول، اسلامی صحافت کے خدوخال، صحافت عہد نبوی میں، آداب واحکام، خاتمہ ونتائج البحث |
| 122 | سیر وسیاحت اور اسلامی تعلیمات: ایک مطالعہ | اسلام میں سیر کا تصور، آفاق عالم میں قدرت الٰہی کے مظاہر، جہان میں عبرت کے مناظر، تبذیر اور اسلام، مشتملات سیر ،ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 123 | الیکشن2024ء میں مذہبی سیاسی جماعتوں کی شکست کے اسباب کا جائزہ | سیاست کا معنی ومفہوم، حکومت وسیاست میں علماء کی ضرورت واہمیت، پاکستانی سیاست میں خرابیوں کی نشاندہی، پاکستان میں الیکشن میں کامیابی کے قانونی وغیر قانونی طریقے، سیاسی تربیت کی ضرورت، الیکشن میں کامیابی کیلئے کرنے کے کام، ماخذ ومصادر، خاتمہ، نتائج البحث |
| 124 | مغربی تہذیب اور عصر حاضر کے تقاضے، تقابلی جائزہ | تہذیب، لغوی واصلاحی تعریفات، تہذیب کے تقاضے اور معاشی عوامل، اسلامی تہذیب کی اہمیت وافادیت اور رجحانات، مغربی تہذیب کے قابل رد ہونے کے عقلی ونقلی دلائل، خاتمہ اور نتائج البحث |
| 125 | مسئلہ فلسطین ماضی، حال، اور مستقبل: ایک جائزہ | فلسطین کی تاریخ، القدس مسلمانوں کی زمین یا یہود کی، فلسطین میں یہود کی آبادکاری اور صیہونی، سازش، غزہ ومقبوضہ بیت المقدس کی موجودہ صورت حال، ارض مقدس کا مستقبل اور احادیث، ماخذ ومصادر، خاتمہ، |
| 126 | عصر حاضر میں مکالمہ بین المسالک کی ضرورت واہمیت | عصر حاضر میں افتراق امت کی حالت، مکالمہ بین المسالک کا مفہوم، امر کی ضرورت واہمیت۔ |
| 127 | مغرب کی تہذیبی وثقافتی یلغار میں ذرائع ابلاغ کا کردار | اسلامی تہذیب وثقافت، مغربی تہذیب وثقافت کے تعارف، اس کو دنیا میں پھیلانے کیلئے ذرائع ابلاغ کے استعمال کی منصوبہ بندی، ذرائع ابلاغ کی اہمیت اور اس کے غلط استعمال کا تدارک، خاتمہ |
| 128 | حکمرانوں سے اٹھتا ہوا عوامی اعتماد، اسباب، وجوہات | حکمرانواں کی ذمہ داریاں، انداز سیاست کی صلاح کیسے ہو، کیسے لوگ اس ذمہ داری کے اہل ہیں، وغیرہ |
| 129 | پاکستان میں پانی کی قلت کا حل اور تجاویز سیرت طیبہ کی روشنی میں | پانی اللہ کی عظیم نعمت، قرآن وسنت سے شواہد، نعمتوں کی قدردانی، شرعی احکام، شکر بجالانے کے طریقے، نعمت آب کی ناشکری اور ہمارا معاشرہ، ضیاع آب کی صورتیں اور احتیاطی تدابیر، خاتمہ ونتائج |
| 130 | آڈیو لیکس ان پاکستان، شرعی احکام واثرات ونتائج | آڈیو لیکس کی شرعی حیثیت، آڈیو لیکس کے سیاست پر اثرات، آڈیو لیکس کے عدلیہ پر اثرات، اس کے روک تھام کے لیے تجاویز، خاتمہ، نتائج البحث۔ |

# التحقیق والتریج والترجم ومایتعلق بھما

| | | |
|---|---|---|
| 131 | | |

**نوٹ:** عالیہ سال اول کے وہ امیدوار جو ازخود عنوان مقالہ یا (تحقیق وتخریج) منتخب کرنا چاہیں وہ اپنا عنوان بصورت خطہ (Synopsis) شعبہ امتحانات سے منظور کرواکر کام شروع کرسکتے ہیں۔

# ہدایات وضوابط برائے تحقیقی مقالات

## امتحانی قواعد وضوابط:

❖ تحقیقی مقالات لکھوانے کا مقصد ''تصنیف و تالیف'' کی خوابیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنا، تحقیق و تخریج اور استنباط کی بہتر تربیت دینا اور حوصلہ افزائی کرنا ہے، لہٰذا مقالہ نگاران کی راہنمائی اور تحقیق و تالیف کو کماحقہ مفید بنانے کیلئے مدارس کے منتظمین سے گذارش ہے کہ:

i. ''ہر مقالہ نگار کیلئے تحقیق و تصنیف کا ملکہ رکھنے والے استاذ کا ہی بطورِ ''مشرف'' (Supervisor) تقرر فرمائیں۔''

ii. ایک مشرف کے زیر نگرانی مقالہ نگران کی تعداد کم از کم ہونی چاہیے تاہم اگر کسی ادارے میں امیدواران کی تعداد کثیر ہو تو ایک مشرف زیادہ سے زیادہ آٹھ مقالات کی نگرانی کر سکتا ہے۔ اس سے زیادہ کی اجازت نہ ہے۔

iii. مقالہ نگار جس ادارے میں زیر تعلیم ہے مشرف (Supervisor) کا اسی ادارے سے ہونا ضروری نہیں بلکہ امیدوار اپنے جامعہ کے سربراہ کی اجازت سے کسی اور ادارے کے استاذ کو بھی اپنا مشرف بنا سکتا ہے۔

❖ مشرفین کرام اپنی اخلاقی و منصبی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے مسلسل راہنمائی فرمائیں اور اپنی نگرانی میں مقالہ تحریر کرائیں تاکہ مستقبل کی علمی و تحقیقی ضرورتوں کے اہل، رجالِ کار تیار ہو سکیں۔ سطحی اور نقل شدہ مقالہ ہونیکی وجہ سے امیدوار کی ناکامی مُشرف کیلئے سبکی کا باعث ہو گی۔

❖ تنظیم المدارس کی جانب سے جاری کردہ عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مقالہ لکھنا ضروری ہے۔

❖ مقالہ صرف وہی امیدوار لکھیں گے جنہوں نے عالمیہ سال اول کے امتحان میں کامیابی سے شمولیت اختیار کرلی ہو۔ نیز تاحال مقالہ نویسی صرف طلبہ کیلئے ہے طالبات کے نصاب میں مقالہ شامل نہیں۔

❖ ایک عنوان پر ادارے کا صرف ایک امیدوار مقالہ لکھنے کا مُجاز ہو گا، البتہ اگر عنوانات کی تعداد سے امیدواروں کی تعداد زیادہ ہو تو ایک عنوان پر دو یا تین طلبہ مقالہ لکھ سکتے ہیں۔ تاہم ادارہ کے ''ناظم تعلیمات'' کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کا اہتمام کریں کہ ہر امیدوار از خود محنت و تحقیق کر کے مواد مرتب کرے، تاکہ نقل و سرقہ کا امکان نہ رہے۔ نقل شدہ مقالہ کالعدم شمار ہو گا، اور امیدوار ناکام قرار پائے گا۔

مقالہ میں ناکام طلبہ کو ضمنی امتحان کے موقع پر دوبارہ مقالہ لکھنے کا موقع اس شرط پر دیا جائیگا کہ وہ ضمنی امتحان کے موقع پر باقاعدہ داخلہ فارم پُر کر کے امتحانی فیس جمع کرائیں۔ مجموعی طور پر چار چانسز (سالانہ + ضمنی + سالانہ + ضمنی) تک مقالہ کی تکمیل لازم ہے۔

## منظوری وطریقہ ترسیل:

❖ رجسٹریشن کیلئے سربراہ ادارہ کے دستخطوں سے ادارہ کے لیٹر پیڈ پر مقالہ نگاران کی فہرست (نام امیدوار، عالمیہ سال اول کا رول نمبر، منتخب عنوان، مشرف کا اسم گرامی) یکم محرم الحرام 1446ھ بمطابق 09 جولائی 2024ء تک شعبہ امتحانات کو ارسال کرنا ضروری ہے۔

❖ ۲۷ رجب المرجب ۱۴۴۵ھ سے قبل تمام مقالات مرتب و مجلد کر کے شعبہ امتحانات مرکزی دفتر لاہور میں پہنچنا ضروری ہیں۔

❖ مقالات اجتماعی طور پر ارسال کئے جائیں، انفرادی طور پر ارسال کیے گئے مقالات گم ہونے کی صورت میں شعبہ امتحانات ذمہ دار نہ ہو گا۔

❖ جس مقالہ پر امیدوار کا نام، عالمیہ سال اول و دوم کا رول نمبر اور پتہ صحیح طور پر درج نہ ہوا، وہ کالعدم متصور ہو گا۔

❖ تحقیقی مقالہ کی اصل کاپی جلد کر کے بھجوائیں۔ فوٹو کاپی قابل قبول نہ ہو گی۔ البتہ اپنے ریکارڈ کیلئے فوٹو کاپی بنوا کر محفوظ کر لیں نیز نقل و اصل کی پہچان کے لیے رف عمل (قلمی نسخہ ترجیحاً)، قلم سے نظر ثانی شدہ کاپی لازماً محفوظ رکھیں۔ شعبہ امتحانات کسی بھی وقت ثبوت کے طور پر یہ چیزیں طلب کر سکتا ہے۔

## ❖ ہدایات برائے تحریر وتحقیق:

❖ مقدمہ، ابواب و فصول، خلاصہ بحث، سفارشات، نتائج، اشاریہ، اور آیات، احادیث، شخصیات، اعلام اور اماکن کی فہارس کا اہتمام کریں۔

❖ درجہ شہادۃ العالمیہ کا مقالہ کم از کم 50 جبکہ تخصص فی الفقہ کا کم از کم 100 صفحات فل سکیپ (8.6 x 11.6) پر مشتمل ہو اور کاغذ کی ایک طرف لکھا جائے۔

❖ مقالہ کی تفصیلات اور مباحث تجزیاتی اور نتیجہ خیز ہونے چاہئیں، اندازِ تحریر علمی و تحقیقی ہونا چاہیے۔

❖ مقالہ میں موجود تمام آیاتِ مبارکہ قرآنی رسم الخط میں تحریر ہوں اور ان پر اعراب کا بطور خاص اہتمام کیا جائے۔

- ❖ مقالہ بنیادی مصادر پر مشتمل ہونا چاہئے اور تحقیق و تصنیف سے متعلق قواعد وضوابط کا مقالے میں اطلاق واظہار ہونا ضروری ہے۔
- ❖ مقالہ کی تکمیل پر اپنی تحریر کو بار بار پڑھا جائے تاکہ غلطی کی گنجائش نہ رہے۔ کمپوزنگ کی غلطیوں پر نمبر کم ہو جاتے ہیں۔
- ❖ مقالہ کمپوز شدہ ہونا ضروری ہے۔ تاہم کسی ماہر کاتب کا تحریر شدہ قلمی نسخہ بھی قابل قبول ہوگا۔ البتہ جلد کا مضبوط ہونا لازمی ہے۔

## کمپوزنگ کے متعلق ہدایات:

i- اعلیٰ تعلیم میں مقالہ جات کی تفویض کا مقصد طالب علموں میں تحقیقی شعور بیدار کرنا اور تجزیاتی و تنقیدی صلاحیتوں کی جلا بخشنا ہے۔ ان مقاصد کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ محقق طے شدہ اصول وضوابط کی روشنی میں ہی اپنی تحقیقات مرتب کرے۔ لہذا تحقیقی مقالہ جات لکھنے والے ان ہدایات کو مدنظر رکھیں۔

ii- مقالہ متوازن طور پر ابواب و فصول میں منقسم ہو نیز ہر باب کا نام، باب کے شروع میں علیحدہ صفحہ پر لکھیں۔ اور اس پر صفحہ نمبر لکھا اور شمار نہ کیا جائے۔

iii- کاغذ کا سائز 8.6x11.6 انچ (A4)، جلد بندی کی طرف سے حاشیہ 1.25 انچ اور دوسری جانب کا 0.75 انچ ہو۔ اوپر کا حاشیہ ایک انچ کا اور نیچے کا 0.75 انچ ہو۔ ہر صفحے پر نمبر درمیان میں اوپر کی طرف لکھا جائے۔

iv- حوالہ جات و حواشی سمیت فی صفحہ سطور کی تعداد 26-24 ہونی چاہیے۔ مختلف عنوانات کا سائز درج ذیل ہے ٹائٹل چوبیس فاؤنٹ (pt24) ابواب کے عنوانات بائیس فاؤنٹ (pt22)، فصول بیس فاؤنٹ (pt20)، مباحث 18 فاؤنٹ (pt18)، ذیلی عنوانات 16 بولڈ فاؤنٹ (pt16)، تحریر کا سائز اصل متن پندرہ فاؤنٹ (pt15) اور حاشیہ تیرہ فاؤنٹ (pt13) پر مشتمل ہونا چاہیے۔

v- مقالہ کا سرورق درج ذیل ترتیب سے تیار کیا جائے:

مقالہ کے سرورق پر عنوان مقالہ جلی حروف میں اسکے نیچے قوسین میں مقالہ برائے شہادۃ العالمیہ/تخصص فی الفقہ، نیچے دائیں جانب مقالہ نگار کا نام اور بائیں جانب نگران مقالہ کا نام بمعہ عہدہ اور سب سے نیچے شعبہ امتحانات <u>شہادۃ العالمیہ/تخصص فی الفقہ</u> تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان سیشن / سال تحریر کیا جائے، صفحہ کے درمیان میں تنظیم المدارس کا مونوگرام ہونا چاہیے۔

vi- مقالہ کے انتساب سے پہلے نگران مقالہ کا سفارشی مراسلہ (Recommendation Letter) اور اس بات کا حلف (Declaration) کہ یہ کام اصلی اور سرقہ سے مبرا ہے، لگایا جائے گا۔

vii- شہادۃ العالمیہ/تخصص فی الفقہ کے مقالہ جات کی جلد کے پہلے صفحہ پر ان تمام چیزوں کا اندراج اسی ترتیب سے ہوگا جیسے ہدایات میں لکھا گیا ہے مقالہ کی جلد کا رنگ گہرا میرون ہو۔ پشتے پر مقالہ کا عنوان مقالہ نگار کا نام، سال / سیشن درج ہوگا۔

## مقالہ کی ترتیب و محتویات:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1-: عنوان / ٹائیٹل | 2: تسمیہ و تحمید | 3: مشرف کی تصدیق و دستخط | 4: انتساب |
| 5: مقدمہ / دیباچہ | 6: فہرست موضوعات | 7: صلب موضوع وابحاث | 8: ضمیمہ واشاریہ (اگر ہو) |
| 9: خلاصہ بحث و نتائج | 10: فہارس (آیات واحادیث وغیرہ) | 11: مصادر و مراجع (ترتیب میں فنون/تہجی کا لحاظ رکھیں) | |

**مقدمہ و دیباچہ:** اختصار و جامعیت سے کام لیا جائے، عنوان کے انتخاب کی وجوہ ترجیح اور مقالے کا سرسری جائزہ درج ہو۔

## ابواب و فصول:

1. ہر باب متوازن فصول پر مشتمل ہو اور تمام ابواب کی فصول حجم و ضخامت میں مناسب و موزوں ہوں۔
2. جدید طرز تصنیف اپناتے ہوئے ہر باب کے آغاز میں پہلے ایک صفحہ پر جلی قلم سے باب کا نام لکھا جائے اور ذیل میں اس باب کے اہم عنوانات درج کئے جائیں۔ صفحہ کی عقبی جانب خالی چھوڑ دی جائے، اور اگلے صفحہ (سامنے/بائیں جانب والے) سے تحریر کا آغاز کیا جائے۔
3. ذیلی عناوین "بغلی سرخی" کے طور پر دائیں جانب جلی قلم سے لکھیں۔
4. تحریر میں پیرابندی اور رموز کتابت وعلامات وقف (،۔؟"" !...) وغیرہ کا لحاظ رکھا جائے۔
5. اختتام پر اپنے اخذ کردہ نتائج اور اگر رائے میں "تفرد" ہو تو اس کا نمایاں اظہار ہو۔

## حوالہ جات اور حواشی:

1. حوالہ جات، حواشی ہر صفحے کے نیچے دیئے جائیں، یا مسلسل نمبروں کی صورت میں باب، فصل، مقالہ کے آخر میں نمبر وار مصادر و مراجع و حوالہ کا ذکر کریں۔ اقتباس کو واوین ("") کے درمیان لکھیں۔
2. متن میں موجود ابہام کی وضاحت حاشیہ میں کی جائے۔ یا قوس خاص [......] (......) لگا کر اس کے درمیان لکھا جائے۔
3. حوالہ دیتے وقت پہلی جگہ مکمل حوالہ لکھا جائے۔ تقریباً تمام کتب حدیث مخرّج و محقّق دستیاب ہیں اس لئے حوالہ میں رقم الحدیث، جلد و صفحہ، مطبع و سن طباعت درج کریں۔ باب و فصل کا تذکرہ بھی کر دیا جائے تا کہ متعلقہ طبع دستیاب نہ ہونے کی صورت میں بھی اصل تک رسائی ممکن ہو سکے۔ یاد رہے حوالہ لکھتے وقت بہت احتیاط کریں کہ ممتحن آپ کے لکھے حوالہ جات کو چیک کریں گے۔ بے احتیاطی یا غلط حوالہ جات لکھنے کی صورت میں دیانت علمی کے خلاف ہونے کیساتھ ساتھ آپ امتحان میں ناکام قرار پائیں گے۔
4. آیات قرآنیہ میں سورۃ کا نام، نمبر، اس کے بعد آیت نمبر لکھیں۔ مثلاً: سورۃ بقرہ کی آیت نمبر ۱۴ کو یوں لکھیں: (البقرہ ۲:۱۴)
5. مصنفین کے اسماء حروف تہجی کی ترتیب یا سنین ولادت، وفات کی ترتیب سے ہوں۔

**فہارس:** فہارس کے باقاعدہ نمبر مخصوص کئے گئے ہیں لہٰذا اپنی کاوش کو مزید بہتر بناتے ہوئے موضوعات و عناوین، آیات و احادیث، اشاریہ، اسماء و اماکن، مصادر و مراجع کی فہارس، ٹیبل بنائیں۔ ان تمام فہارس میں ترتیب (ہجائی، زمانی، مکانی) کا خاص خیال رکھیں۔

**CD/فلاپی بیک اَپ:** اپنے تحقیقی مواد کو کمپیوٹر پر کمپوز کروائیں اور درج ذیل ہدایات کا خاص خیال رکھیں۔

i. اپنے تحقیقی مواد کو ضائع ہونے اور انتحال و سرقہ علمی سے محفوظ رکھیں۔ بعض لوگ اس کمپوز شدہ مواد کا اپنے نام سے پرنٹ نکلوا لیتے ہیں، جس سے اصل امیدوار پر بھی نقل کرنے کا الزام آجاتا ہے، لہٰذا اپنے اصل تحقیقی مواد اور، رف عمل کو محفوظ رکھیں تا کہ بوقت ضرورت بطور ثبوت پیش کیا جا سکے۔

ii. تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کے پلیٹ فارم سے یہ کوشش کی جائیگی کہ جدید تحقیقات پر مشتمل مواد کو مرتب کر کے شائع کیا جائے، لہٰذا کمپوز شدہ مواد کی Backup سی ڈی ہمراہ ارسال کریں۔

iii. تحقیقی مقالہ تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کی اعلیٰ ڈگری کے حصول کیلئے لکھوایا جاتا ہے جو تنظیم المدارس کا علمی اثاثہ شمار ہوتا ہے لہٰذا اگر اپنی تحقیقات کو شائع کرنا مقصود ہو تو اس کی اشاعت سے قبل تحریری اجازت نامہ حاصل کرنا ضروری ہے۔

نوٹ: جناب ناظم اعلیٰ / مہتمم صاحب! زید مجدہ

یہ ہدایت نامہ اور فہرست مقالات اپنے مدرسہ کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کروا دیں۔ نیز ایک ایک کاپی مقالہ نگاروں کو بھی دے دیں۔

عزیز طلبہ کرام !

- متعدد علمی عناوین کا تعین کر دیا گیا ہے ، بعض مشکل اور تحقیقی عنوانات ہیں اور بعض آسان ، کچھ عصری مضمون نویسی جیسے موضوعات اور وافر مواد سے متعلق ہیں۔ اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے خوب محنت سے ریسرچ ورک کیا جائے۔ تاکہ مستقبل میں اگر اس مقالہ کو طباعتی و اشاعتی مرحلہ سے گذارنا مقصود ہو تو یہ مقالہ ہر لحاظ سے اس معیار پر پورا اترتا ہو۔
- اساتذہ و مشرفین عظام سے التماس ہے کہ موضوع و عنوان کے انتخاب میں طالب علم کے میلان طبعی اور استعداد کا لحاظ کرتے ہوئے چناؤ کرائیں۔ ذی استعداد طلبہ کو آسان کی بجائے مشکل اور علمی کام پر آمادہ کریں ، تاکہ (ان مع العسر یسرا) کا عملی نمونہ سامنے آئے۔ اپنے عزیزوں کو تصنیف وتالیف کے میدان کا شہسوار بنانے کیلئے پوری توجہ مرحمت فرمائیں۔ اور موضوع کے ماله اور ماعلیہ میں سے کوئی پہلو تشنہ نہ رہنے دیں۔
- مقالات کے عناوین بارے راہنمائی درج ذیل اساتذہ کرام و محققین عظام سے حاصل کی جا سکتی ہے ، مگر یاد رہے سائل و طالب بن کر اپنی مراد حاصل کرنے کے جذبے سے مناسب وموزوں وقت پہ فون کیجئیے اور فرصت بارے پہلے پوچھ لیجئیے۔

| نمبر شمار | اسماء گرامی | رابطہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | مفتی محمد عابد نسیم، گوجرہ | 0300-3595565 |
| 2 | حافظ محمد اسحاق ظفر، راولپنڈی | 0321-5178672 |
| 3 | پروفیسر عون محمد سعیدی، بہاولپور | 0300-6818565 |
| 4 | ڈاکٹر محمد کلیم، رحیم یار خان | 0306-7318019 |
| 5 | مفتی خلیل احمد قادری، لاہور | 0300-8806267 |
| 6 | مفتی محمد کاشف فریدی، ملتان | 0305-5261588 |
| 7 | مفتی اعجاز احمد، فیصل آباد | 0300-7267103 |
| 8 | مولانا رفاقت جلالی، اسلام آباد | 0300-7565116 |
| 9 | مفتی محمد زمان سعیدی، فیصل آباد | 0306-5832859 |
| 10 | مولانا محمد امتیاز حقانی، چنیوٹ | 0346-5912691 |

- کچھ تفصیلات اور تحریر مقالہ کے لیے رہنمائی تنظیم المدارس کے فیس بک پیج پہ دے دی گئی ہے۔ درج ذیل لنک سے آپ حاصل کر سکتے ہیں :

**https://www.facebook.com/tanzeemulmadarispk**

- عنوانات ، موضوعات کی ترکیب الفاظ میں ایسی تبدیلی، جس سے عنوان مزید وقیع ہو جائے ، لیکن "صلب موضوع" میں کوئی کمی نہ ہو، کی اجازت ہے۔
- آخری عنوان پر لکھنے کے لئے ایک ہی ادارے سے کئی طالب علم بھی ہوسکتے ہیں مگر کتاب (مخطوط) کا الگ ہونا ضروری ہے۔ البتہ حجم میں بڑی کتاب ہونے کی صورت میں ایک سے زائد طالب علم بھی شریک ہو سکتے ہیں، تاہم متعدد شرکاء کی صورت میں ہر ایک کے حصے میں کم و بیش پچاس تا ساٹھ صفحاتِ تحقیق ہونے چاہئیں۔
- خیال رہے کہ تحقیق کیلئے ایسی کتاب (مخطوط) کا انتخاب کریں جس پر پہلے کام نہ ہوا ہو، اس سلسلہ میں شعبہ تحقیق و تصنیف تنظیم المدارس سے تحریری طور پر تصدیق حاصل کر لیں۔
- نتیجہ از ممتحن، مندرجہ بالا پروفارمہ کا پی کر کے امیدوار اپنے مقالے کے آغاز میں لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو امیدوار خود احتیاط سے درج کرے۔

والسلام مع الاکرام

آپ کے درخشندہ مستقبل کا خواہاں

محمد عبد المصطفیٰ ہزاروی (ناظم اعلیٰ)

15 مئی 2024ء